ناصح اٹھو نہ گریباں ہووے بدنا تو پھر کیا
'سودا' نہ کیا کرے گا سب اس طرح رونا
عالم کو ایسے ڈوبے سب ساتھ لے ڈبونا
جس طرح چاہتا ہے دنیا میں رہ گزر کر
لیکن یہ یاد رکھیو عاشق کبھو نہ ہونا

ہر مژہ پر ہے پرے لخت دل اس رنجور کا
خون ہے سو ڈرا پر ٹپکتا مرے ناصور کا
جو پوچھتے ہی پوچھتے گذرے ہے مخمور و شب
چشم ہے یا رب مری یا منہ ہے یہ ناسور کا
کیا کروں گا لے کے واعظ ہاتھ سے حوروں کے جام
ہوں میں ساغر کش کسی کی نرگس مخمور کا
اس قدر دہشت الحذر سے دل ہے 'سودا' کا ڈرا
زخم بھی دل کے نہ دیکھا منہ کبھو انگور کا

کس کس طرح سے دیکھوں اس باغ کی فضائیں
کیدھر گئے وہ ساقی، وہ ابر، وے ہوائیں
حیرت سے آئینے کا دل کیوں نہ ہووے پانی
سایہ حضور اس کے زلفوں کی لے بلائیں

مانوں کہ ہر گھڑی وو تری بھولی بھولیاں
دل لے کے بولتا ہے جو تو اب یہ بولیاں

کہا اُس نے کہ ہے میری جو سعادت اس میں
لیک ہے خوف مجھے آپ کی بدنامی کا

کھٹکا نہ میں چمن میں آرام یک نفس کا
صیاد تیری گردن ہے خون اس ہوس کا
کب عشق کی حقیقت یہ جانتی ہے مجنوں
ناقے کے ناؤں اوپر دیتا ہے دل جرس کا

گلہ لکھوں میں اگر تیری بے وفائی کا
لہو میں غرق سفینہ ہو آشنائی کا

جو کہ ہے ظالم وہ ہرگز پھولتا پھلتا نہیں
سبز ہوتے کھیت دیکھا ہے کبھو شمشیر کا
روز کے دست جانے کو مسجد بنا کی تونے شیخ!
ہر کسی کے دل کا بھی کچھ فکر ہے تعمیر کا

جو یہ منظور ہے سب کو مرا دل لے کے جی لینا
گیا اک مجھ سا دیوانہ سے تیرے سر صدقے کیا ہوگا

دامن صبا نہ چھو سکے جس شہسوار کا
پہنچے کب اس کو ہاتھ ہمارے غبار کا
موج نسیم آج ہے آلودہ گرد سے دل خاک ہوگیا ہے کسی بے قرار کا

آوارہ ہے اتنا کہ میں جاتا ہوں جب اس پاس
رہتا ہے یہی سوچ ، کہ گھر ہوئے گا یا رب

دوزخ مجھے قبول ہے اے منکر و نکیر لیکن نہیں دماغ سوال و جواب کا

تیرے خط آنے سے دل کو میرے آرام کیا ہوگا
خدا جانے کہ اس آغاز کا انجام کیا ہوگا

ہنوز اٹھتی گرد اس ہم سے اپنے منھ کو ملتا ہے
نہیں معلوم کیا کیا ہور دیں اس خاک میں گرداں

ابر ملک اشک کا طوفاں نہ ہوا تھا سو ہوا
تجھ سے یہ دیدۂ گریاں نہ ہوا تھا سو ہوا
جن نے دیکھا ترے منھ کو کہا سبحان اللہ
قدرت حق سے نمایاں نہ ہوا تھا سو ہوا
خط کی خوبی ترے عارض پہ یہ کہتی ہے ہنوز
رونق ملک سلیماں نہ ہوا تھا سو ہوا
قابل سایہ تری زلف ہوئی جس دن سے
کبھو جو دل کہ پریشاں نہ ہوا تھا سو ہوا
ابر مژگاں کے ٹپکنے سے ترے اے 'سودا'
سر و ہجوم جو بیاباں نہ ہوا تھا سو ہوا

تو نے 'سودا' کے تئیں قتل کیا' کہتے ہیں
یہ اگر سچ ہے تو ظالم اسے کیا کہتے ہیں؟
جس سے پوچھا کہ دل خوش ہے کہیں دنیا میں
رو دیا اُن نے اور اتنا ہی کہا " کہتے ہیں"

برہمن بتکدے کے' شیخ بیت اللہ کے صدقے
کرو لے جا کے 'سودا' کو دل آگاہ کے صدقے

جن نے نہ دیکھی ہو شفق صبح کی بہار
آکر ترے شہید کو دیکھے کفن کے بیچ
کل رخصت بہار بھی شبنم صفت میں زور
رویا ہر ایک گل کے گلے لگ چمن کے بیچ

ہر بات ہے لطیفہ و ہر یک سخن ہے رمز
ہر آن ہے کنایہ و ہر دم تہ تہو نہاں

کبھو نہیں ہے آنکھوں کی کاوش سے دل کو چین
مژگاں نہ کر سکیں تو نگاہیں چبھو نہاں

دیا چھپائے نہ جیسے سر انگشت پر حنا
جس بے گنہ کے خوں میں چاہیں تو ہو نہاں

اندام گل پہ ہو نہ قبا اس مزے سے چاک
جیوں جوش چھبوں کے دن پہ مسکتی ہیں چولیاں

"سودا" کے دل سے صاف نہ رہتی تھی زلف یار
شانے نے بیچ پڑ کے گرہ اس کی کھولیاں

خواہ کعبے میں رہیے، خواہ مؤں بت خانے میں
ایسا سمجھوں ہوں مرے یار کہیں دیکھا ہے

نہ استفسار کیجے ہم سے اس لب کی حلاوت کو
شکر کا ذائقہ خوں جگر خواروں سے مت پوچھو
ہمیں گر نالۂ کنج قفس کہئے تو آتا ہے
چمن کے زمزمے کرنے گرفتاروں سے مت پوچھو

مر جائیے کسی سے یہ الفت نہ کیجئے
جی دیجئے تو دیجئے پر دل نہ دیجئے

ملائم ہوگئیں دل پر برہ کی ساعتیں کڑیاں
پہر کٹنے لگے اُن بن نہ کٹتی ہیں جدا گھڑیاں

---

† (ن) تنگ

بیدردی سے عجب حال ہے اس 'سودا' کا
میں تو دیکھا نہیں ایسا کوئی بیمار ہنوز

حق تعالیٰ اُسے جیتا ہی رکھے دنیا میں
اس قباحت سے نہیں ہے تو جگر دار ہنوز

قیس و فرہاد کے ماتم سے تو جگ میں اب تک
دشت ہے خاک بسر ' روتے ہیں کہسار ہنوز

ساقی ! گئی بہار ' رہی دل میں یہ ہوس
تو منتوں سے جام دے اور میں کہوں کہ بس

کہتا تھا گل کسو سے ' کروں گا کسو کو قتل
اتنا تو سنگدلی نہیں کوئی مگر کہ ہم

قاصد کے ساتھ چلتے ہیں یوں کہہ کے میرے اشک
دیکھیں تو پہلے پہنچے ہے وہاں نامہ بر ! کہ ہم

'سودا' نہ کہتے تھے کہ کسو کو تو دے نہ دل
رسوا ہوا پھرے ہے تو اب در بدر کہ ہم

مجھ کو نہیں ہے دل میں برے راہ کیا کروں
پر بے اثر ہے عشق مرا آہ کیا کروں

تجھے مکتوب لکھ 'سودا' نے مرغ روح کو سونپا
نہ کھینچا انتظار اتنا بھی نا پہنچا کبوتر ہو

پھر یہ بت ہے کرم ' ہم پہ ستم واہ واہ
دیکھ لیا بس تمھیں ہم نے صنم واہ واہ

ہے زلف میں میرا دل مت کھینچیو تو شانہ
زنجیر نہ کھل جاوے ہے سخت یہ دیوانہ

'سودا' میں اپنے یار سے چاہا کہ کچھ کہوں
ایسی کی ایک نگہ کہ رہی من کی من کے بیچ

اب خدا حافظ ہے 'سودا' کا سمجھئے آیا ہے رحم
ایک تو تھا ہی دیوانہ تس پہ آئی ہے بہار

صدقے ترے، نہ کبھو گلشن میں پھر گذر
اُس طرح سے چاک کریں ہیں گل پیرہن ہنوز

شبنم کرے ہے دامن گل شست و شو ہنوز
بلبل کے خون کا نہ گیا رنگ و بو ہنوز
ہمراہ صبا کے خاک بھی میری ہے کو بکو
جاتی نہیں ہے منہ سے تری جستجو ہنوز

ایک دن گھیر میں دامن کا ترے دیکھا تھا
گرد پھرتے ہیں گریباں کے مرے چاک ہنوز

بال و پر ہوئے نہ پائے تھے نمودار ہنوز
تب سے ہم کنج قفس میں ہیں گرفتار ہنوز
ہوئیں گے پائمال نہ کر ہم کو رہا اے صیاد
مشق پرواز نہیں تا سر دیوار ہنوز
تب سے پامال ہے دل کا ورق صبر و قرار
سبق یار نہ لیتی تھی وو رفتار ہنوز
رحم شمشیر ستمگر نے کیا کام تمام *
یارو تم ڈھونڈتے ہو مرہم زنگار ہنوز
شیخ اتنا تو جتاؤ نہ تم اپنا تقویٰ
عوض مے ہے گرو جبّہ و دستار ہنوز

---

* (یا) اپنا کام

بس اے فغاں جہاں میں عاشق تو ہو گیا
مجنوں سے اِسی روش اُس کی گزر گئی
شیریں نے جور کس نہ کیا کوہ کن کے ہر
مجنوں پہ کیا جفا نہیں جو لیلیٰ نہ کر گئی
گل ہی پڑی سسکتی ہی بلبل چمن کے بیچ
ذرہ نہ اس کے حال پہ گل کی نظر گئی
پروانے رات شمع سے ایسے جلے کہ بس
خاکستر اُن کی لے کے صبا دوش پر گئی
میں تازہ کچھ کیا ہے کہ بدنامی کو مری *
تیری صداے آہ و فغاں § گھر گھر گئی
حرمت رکھی نہ عشق کی فرہاد نے نری
رونے سے تیرے آبروے ابر تو گئی
لوہو سے تیرے سر کے ' ہے دیوار گھر کی سرخ
آنکھوں سے موج خون کی بیرون در گئی
القصہ خط کو پڑھ کے یہ ان ‖ نے لکھا جواب †
میرے ہی دل کی چاہ ‡ نہ جانوں کدھر گئی
شیریں کی بات $ میں نہ کہوں ورنہ بارہا
لیلیٰ ' جدھر تھی وادیِ مجنوں ادھر گئی
یہاں تک تو گہت میں لیلیٰ کے مجنوں سما گیا
اُن کی اس اتحاد سے باہم بسر گئی

---

* (ن) میری   † (ن) کہ جیہر   ‡ (ن) مہر
$ (ن) ایک   § آواز آہ و نالہ تری

ہم جاں ہیں وہ تری چشم کے بیمار کئی
مر گئے خنجر مژگاں کے دل افگار کئی
پھرے بازار میں اب کیوں کہ نہ بگڑے 'سودا'
ایک یوسف نظر آتا ہے' خریدار کئی

ترا غرور، ترا عشوہ، یا کہ جفا ظالم!
ہر ایک بات کا آخر کچھ انتہا بھی ہے

عبث نالاں ہے اس گلشن میں تو اے بلبل ناداں
نہیں یہ رسم یہاں کوئی کسی کی داد کو پہنچے

طریق عشق میں مجھ سا وہ جو مقابل ہو
سوائے خاک نہ میرے کوئی بسر آوے

اتنا لکھائیو میری لوح مزار پر
یہاں تک نہ دے حیات کہ کوئی دعا کرے
فکر معاش و مہر* بتاں' یاد رفتگاں
اس زندگی میں اب کوئی کیا کیا کیا کرے
گر ہو شراب و خلوت و محبوب خوبرو ے
زاہد تجھے قسم ہے جو تو ہو تو کیا کرے

دیکھو اثر قبول کہ تجھ تک ہماری آہ
سینے سے ارمغاں لئے لخت جگر گئی
مت پوچھ یہ کہ رات کٹی کیوں کہ تجھ بغیر
اس گفتگو سے فائدہ؟ پیارے گزر گئی
'سودا' لکھا فغاں کو یہ خط اس کے یار نے
جس وقت اس کے حال کی اس کو خبر گئی   قطعہ د

---

* (ن) عشق —

'سودا' تری فریاد سے آنکھوں میں کٹی رات
آئی ہے سحر ہونے کو ٹک تو کہیں مر بھی

میر سجاد "سجاد"

تخلص صف آرائے معارک سخندانی، و شہسوار چابک خرام میدان معانی است. مرآت طبعش از صیقلۂ تربیت میان 'آبرو' صفا پذیرفته، و آفتاب عالم تاب هستی او در مصر 'اکبرآباد' طلوع و سطوع کرده. شعر ایہام بسیار میگوید، و مضامین خوب خوب بنظم می آرد. چنانکه رتبۂ عالی او فوقیت بر رتبۂ میان 'آبرو' میدارد، و شعر شیرینش در عذوبت، از شکر بہتر ارو می شمارد. و اشعارش بتقریر رسیده، این چند ابیات از تذکرتین فرا گرفته، زیب اوراق می سازد —

کافر بتوں سے داد نہ چاہو کہ یہاں کوئی
مرجا ستم سے اُن کے تو کہتے ہیں حق ہوا

بجائے لفظ 'کافر' کہ اوّل پیش مصراع واقع است، اصلاح میر تقی 'میر' "باطل" گفته —

گر دیرے گل کے آنے میں کھوئے نہیں حواس
'سجاد' کیوں پھرے ہے سخن آج فق ہوا

ساقی! بغیر جام کے جیو کا بچاؤ نہیں
جوں فیل مست آوے ہے ابر سیہ، پلا!
کیوں مست گِل بھی دل کی نہ رونے میں بہہ گئی
'سجاد' مجھکو باقی ہے چشموں سے یہ گلا

جاری ہوا ہے خوں رگ مژگاں سے وقت فصد
لیلیٰ کی پوست مال اگر نیشتر گئی
ظالم! غرور گل کا گریباں ہوا ہے چاک
اک عندلیب گر اجل اپنی سے مر گئی
پروانہ کون سا نہ جلا شام کو کہ شمع
روتی ہوئی نہ شرم سے وقت سحر گئی
یہ گفتگو تو قطع نظر اس سے مجھ کو کہا
مجھ سے جفائے ہجر کی طاقت اگر گئی
شکوہ تو کیوں کرے ہے مرے اشک سرخ کا
بھری کب آستیں مرے لوہو سے بھر گئی

عجب بیداد حسرت پر مری صیاد کرتا ہے
دکھاتا ہے اسے مجھ کو جسے آزاد کرتا ہے

منہ لگاوے کون مجھ کو گر نہ پوچھے تو مجھے
عکس بھی دیتا نہیں اب آئینے میں رو مجھے
ناتوانی بھی عجب کچھ ہے کہ گلشن میں، نسیم
ساتھ لئے پھرتی ہے دوش اوپر برنگ بو مجھے

کیا قید ہے مرے ساتھ جدا جائے وگر نہ
کافی ہے تسلی کو مری ایک نظر بھی
کچھ ابر آ قسم ہے نہیں رونے کی ہمارے
تجھ چشم سے ٹپکا ہے کبھی لخت جگر بھی
کس ہستی موہوم پہ نازاں ہے تو اے یار
کچھ اپنے شب و روز کی ہے تجھ کو خبر بھی

بتوں کی بھی یہ یاد تو روزے   ہمیشہ رہے نام اللہ کا

اب بلا لے تنگ آن کر ساقی!   عمر کا بھر چکا ہے پیمانہ

عشق میں جائیگا کہیں مارا   بے طرح دل ہوا ہے آوارا

مقبول اس جہاں کا ہر ایک شی نہ دیکھا
راجا وہی جو کوئی یہاں سے گیا ہے رانا
'سعادت' کوئی دیکھے بیدادیاں تو دل کی
ہے زندگی ہماری یہ موت کا نمونا

یار سے دل ملا وہ عمر سہی   نہ دل اپنا ہوا' نہ یار اپنا

لاؤ بے ہو میرے آگے کیا دوا   جون دل اپنا پھوں میں یا دوا

دل میں تو خطرہ نہ لا ہرگز طبیب   دیکھ کر میرے مرض کو لا دوا

جان و دل سے قبول ہے جانا   پر گلی میں تری مجھے آنا

میں لے جانا تھا قلم بند کرے گا جو حرف
شوق کے لکھنے کا 'سعادت' نے دفتر کھولا

بیٹھے اگر خوشی سے آ کر چمن میں بلبل
کر یاں میں غلولا ایسا لگے کہ اُڑ جا

خط کتروا کے آج قینچی سے   ہم سے ملنے میں جائے ہے کترا

تیری شمشیر سے جدا ہو کر   سر مرا منکوں نہیں دیتا

کیا کرے پاؤں ہی کہ جنگل میں   کچھ نہیں آبلوں سے چل سکتا

مرے دیکھ کر حال دامان کا   پھٹے کیوں نہ سینہ گریبان کا

بے تکلف ہو سبھوں سے وہ ملے ہے 'سجاد'

دختر رز بھی عجب طور کی مستانی ہے

میر محمد تقی "میر" گفتہ کہ "اگر شعر من می بود، پیش مصراع این قسم موزوں می کردم —

ع - بے تکلف ہو بہت سر پہ چڑھے ہے 'سجاد' —

راقم سطور 'صاحب' می گوید کہ میر را ہم برین دو مصرع یک مصرع چنیں بخاطر گذشت —

ع ہر کسی مست کے وہ منہہ کو لگے ہے 'سجاد' —

ہم بھی گر گم ہوا بالوں میں پھرے جا کے دل

پہنچے پر مجھ زلف کے گویا کہ اس کو بل دیا

تجھکو اے 'سجاد' مہر از جمع بیداد کے

اور بھی کچھ ظالموں کی دوستی نے پھل دیا

جو دل ہو کلوں سے اٹکتا ہوا　　وہ کانٹا ہے دل میں کھٹکتا ہوا

بتاں تو چاہئیے 'سجاد' تجھکو　　کریں پر کیا خدا نے جو نہ چاہا

---

* کر تک زمیں پہ لوٹنے کی بیٹھ کو لگاوے

جا بھی ہم اپنے دل میں رستم کے نہیں پچھاڑا

آتش عشق نے ہم کو سرد کیا　　دل پھپھولا ہوا و درد کہا

---

* نکات الشعراء میں نہیں ہے —

بند میں مت رہ دوانے عقل کے   کر گریباں چاک چھاتی کھول کر

بہروں کو حال احوال میں غفلت میں ڈال کر
اک رات آکے سو رہو ہم پاس آنکھ موند

مر گئے پر اگر نہیں آسیب   کیونکہ رکھتے ہیں ہم در پر نمود

مت ہو نامہ عدم کو جا قاصد   اپنے اوپر نہ حرف لا قاصد
یہ دھواں سا فلک ستاروں سات   ہے نظر میں مری جلا کاغذ
آسماں ایک رقعہ وار نہیں   ہم کے لکھنے کو ہو روا کاغذ

جلتے جس کے بیچ دکھائے ہیں تو نہال
تعظیم تیری کرتے ہیں سب اٹھ کے سرو قد

اس فصل گل میں جوش جنوں کا ہوا ہے پھر
جنگل میں آ بھرا ہے نکل کر تمام شہر
ہوتی نہیں ہے سرد ہمارے یہ دل کی آگ
لاگی ہے جس زمانے سے جلتی ہے دہر دہر

سبھی جلتے تھے شمع و پروانہ   وائے یہ دن تھے اہل مجلس پر

باد صبا سے زلف معطر کی ہم تلک
مدت ہوئی کہ پہنچی نہیں کچھ خبر عطر *

کوئی کم گیا ہوگا زلفوں کی راہ   بہت رکھتے ہیں اس سفر سے حذر

دوانے کا نہیں مطلب دوانہ   تو کیوں نامے پہ ہے سطروں کی زنجیر

---

* مطبوعہ نکات الشعراء میں نہیں ہے —

سب کی نظر سے گر کر ایک دم میں پست ہو جا
گر میکشوں میں آوے زاہد تو مست ہو جا

تا دل کی ذوق آگے جاتے ہیں ہم بےدھڑکے
ہر گز ہمارے دل میں سر کا نہیں ہے دھڑکا

شتابی پلا دے کہ جاتا ہے ابر   جو کچھ باقی ساقی رہی ہو شراب

’صیاد‘ مہرباں کرے کوئی اس کو کس طرح
غصہ ہوا ہے یار میں کچھ ان دنوں غضب

چین دے ہے مجھے نہ لے ہے آپ   دل ہمارا ہوا ہے جی کو پاپ
کبھی منزل ہوی نہیں پوری   بہت اس راہ کو گئے ہیں ناپ

ہر کام کا اگرچہ ہوتا ہے سہل اول
پر عشق کی مہم ہے دوئی ابتدا نہایت

ایک دکھ ہے عاشقی کے پنتھ میں   پاؤں کے تہ ریگ راہ دور دشت

جانے سے صدق دل کے سبب بچ گیا خلیل
وہ آگ ہے کہ سانچ کو ہرگز نہیں ہے آنچ

دل! آبادی میں رہنا کھینچ مت رنج
کہ ویرانے میں دیوانوں کا ہے گنج

زلفوں کے جب اُلجھتی ہیں اُس سانپ آکے بال
دیتا ہے شانہ ساحری سے دانت دس نکال

گلی میں دری بیٹھے ہی تھیں
اِن آنکھوں سے آئے ہیں آنسو نکل

ناسور اور کچھ نہیں مقتلوں کے حسب حال
لیلاؤں کے والدین ایسے دیں شہر نکال

کیا جانیے بچے ہم سے مل کر کے اصل سے گُل
اب کے بہار میں یوں ہوویں گی فصل سے گُل

'سجاد' فکر ہم نہ کریں کیونکہ شعر کی
لکھتے ہیں جا کے یار کے منہ سے سخن ہیں ہم

ایک دل رکھتا ہوں جو چاہے سو لے جاوے اسے
خواہ زلفیں، خواہ ابرو، خواہ مژگاں، خواہ چشم
پھیر جائیں جو رو آنکھیں، کریں ہیں جب لگاؤ
دیکھ کر سرمے کے تئیں ہو جاتی ہیں ظالم سیاہ چشم

جب ہم آغوش یار ہوتے ہیں　　سب مزے در کنار ہوتے ہیں
تا جدائی تک ایک کو ساقی!　　ایک کشتی میں پار ہوتے ہیں
تیر و رہیں کسی سالے پر　　میرے سینے کے پار ہوتے ہیں

اب تو ہم نے کیا گریباں چاک　　تیرے دامن کو کس طرح چھوڑیں

برابر اپنے سخن آپ بندگی کے کاموں میں
نہیں میں دیکھتا صاحب کے کوئی غلاموں میں

شوق حلقوں میں تیرے عوض چاک ہوئے کے
نرگس چشم میں دیکھے انکھوں کو پھاڑ پھاڑ

لعنت جگر ہمارا یاروں کے ساتھ کھا کر
کرتے ہو ہم سے باتیں اب تم چبا چبا کر

کیوں زر نذر کرکے نہ حاضر ہوں دیکھ حضور
ہیں تیرے گھر کے سب یہ زری پوش خواجہ باش*

کیا کیا مجروح دل میرے کو داغ
حال کیا کچھ گوشت کا کرتا ہے زاغ

میرے تمام حال کی تقریر ہے یہ زلف
روز سیاہ و نالۂ شبگیر ہے یہ زلف

خاموش اس سبب سیں رہتا ہے بیشتر
تنگ اس قدر ہے منہ کہ نکلتا نہیں ہے حرف

دور میں رخسار کے تیرے کہیں انصاف نہیں
جا چرالے جاہے دل کو اور باندھی چاہے زلف

جس خوبرو کے دل میں نہ عاشق سے ہو نفاق
کہتے ہیں سارے اُس کے تئیں حسن اتفاق

دل کو کبھی پیار دلا کر کے تو سجن!
لاگا نہیں گلے سے مرے آ کے آج لگ

جب تک ترے بدن کو نہ عاشق بدن لگائے
لگتا نہیں ہے تب تئیں ہرگز کچھ اس کے انگ

---

* مطبوعہ نکات الشعراء میں نہیں ہے —

بہت شعر اس مرا ہوا ہے بلند — شاعروں کو کہو کہ فکر کریں

اب شعروں پہ اُس کے مرتا ہوں — رہ گئی اتنی طبع کرتا ہوں

یہ 'سعادت' کے دل کے جلنے کی خبر — نہیں بوجھتی سمجھ اس کو سمجھاؤ

مہوا جلا ہوا دل مژگاں کے کب ہے لائق
اس آبلے کو کیوں دم کانٹوں میں اُلجھاتے ہو

دیکھ مہندی لگی ان ہاتھوں کو — دھول آکر لگے ہیں پاؤں کو

دو روز وصل لیے بیٹھے ہے پاس کن کن کو
یہ راتیں ہجر کی کاٹی تھیں ہم اسی دن کو

چھاتی پر تیرے ہے کھلتے کس کی گانٹھ — روہو خلیجہ کی طرح حسن کی گانٹھ
سانپ کی طرح کنڈلی مارے ہے — زلف تیری ہے کوئی دس کی گانٹھ

نہ چیوں زلف تیری ہے ہر دل کی آہ — نصیبوں سے ملتے ہیں بخت سیاہ

نہ دیکھوں آنکھوں والے اندھیرا ہے — پتلیاں نے سہیں نین میں سیاہ

دل جیسے خط کے سبزے میں کھلیاں ہو گئے
پڑتے ہیں ایسے جنگ میں بھی کھیت گاہ گاہ

شرمندہ ہو گئی ہے برے! منہ سے آرسی
اب پھر کے روبرو نہ رہے وو ہرگز آئینہ

یار کا جامہ ہمیں ہے گا عزیز — یوسف اپنا پیرہن نہ کر وکھ

کس طرح کوہ کن یہ کٹیں گی   ہجر کی یہ پہاڑ سی راتیں *

ہیں شیشیاں شراب کی پیارے بھری ہوئیں

آنکھوں نشے کے بیچ سہاری گلابیاں

میں جو اس کی گلی میں جاتا ہوں   دل کو کچھ گم ہوا سا پاتا ہوں

سایے میں ہم اس باغ کے ہر بلبل و گل سا دیکھ

مدت تئیں دیوار بدیوار رہے ہیں

دیکھوں طبیب دیتے دارو ہے کب تئیں

مرتا ہوں میں تو عشق میں، جیتا ہوں جب تئیں

جو ایک دھج ہے ابروے خمدار میں

کہاں پائی یہ ضرب تلوار میں

ہر سادہ رو معطا ہونے کی دھن رکھے ہے

لیکن کوئی نکالے بیرا سا خط تو لکھ دیں

جب کرے ہے مرے دھن کا بیاں   منہ سے غنچے کے پھول جھڑتے ہیں

تجھ تیری کے لیے دھر جائے سر   جان! اپنا کوئی جی رکھتا نہیں

تیری وحشی نگہ سے جنگل میں   بھاگ گئے پر غزال بیٹھے ہیں

دونوں طرف جو منہ پہ ہیں موجیں سی ماریاں

لہریں ہیں میرے شوق کی زلفیں سنواریاں

---

* از مصحف ہم چنیں ہر دو مصرع سنجیدہ شد :—

ہجر شیریں میں کیوں کہ کاٹے گا   کوہ کن یہ پہاڑ سی راتیں

نکات الشعراء

عاشقوں کا سخن ' اٹھو رہی ہی   قم نہ ہم نہری نہج اُگلے ہے

سالاروں پہ شمع محفل میں   جیسی روشن ہے سب پہ روشن ہے

سپرداری اُس کی کسی سے نہ ہو   یہ ابرو نہیں بانکی شمشیر ہے

پاؤں جنگل میں دھر نہ دیتے تھیں   کیا ببولوں نے سر اُٹھایا ہے

ہرگز آئے نہ دیکھنے مجروں کو   جاں ہر چند ہم گئے ہونگے

یعقوب کے جب عشق پڑا سر پہ ٹوٹ کر
آنکھوں نے اُس کی رو دیا آخر کو پھوٹ کر

بہار آئی سبھی سمجھے ہیں خواہاں آج تو دل کے
شتابی سے نہ دیکھو بلبل ارزاں اس کو تک سستا
تجھے لائق نہیں گل توڑ کر کے ہاتھ میں رکھنا
تری یہ نگاریاں مہندی ' لگی پاؤں کا ہے دستا

وہی خانہ خراب اس دکھ کو جانے   کہ جس کا عاشقی کے بیچ گھر جائے

سجن! منت کروں ہوں مان جا تو   ہنسا مت کر رقیبوں سات ہا ہا

کوئی جا کے واقف کو سمجھا دیگا   کہ عاشق کا جی کھو کے کیا پائیگا
کہا دل نے اپنا تو خوبوں کے ہاتھ   یہ دیکھو کہ اپنا کیا پائیے

آئینے کی طرح وہ ٹک منہ پہ آئے   جو کلیجا جس کا لوہا سار کا

جس طرح کی ناس کا ہے ٹوٹنا   کوئی گل ایسا نہیں خوش رو پیا
اشرفی ' پیسے سے نہیں رکھتا ہے کام   جو کوئی پاتا ہے تیرا روپیا

رات اُس زلف کا وہ افسانہ   قصہ کوتہ بڑی بلا سی ہے
آ بچے ہے خدا سے پیری میں   بت پرستی ہے اور حواسی ہے

جو کوئی گرا سو آخر تحت الثریٰ کو پہنچا
ظالم کے گھر کی گلیاں کچھ کم نہیں کنوے سے

ہاتھ ہی میں رہے ہے طفلوں کے   یہ تماشے کا دل کھلونا ہے

تک اس کی کان دھر کر دم سنے لے   پرانے درد مندوں کی ہے بے لے
بھیتوں بازی کہیں سخن مل جائے   لیکن ایسے کہاں نصیب مرے *

عشق کی ناؤ پار کیا ہووے   جو یہ کشتی تری تو بس ڈوبی

نہیں میرے صحبت اب آدمی   اسی دوستی ہم سے ہے دشمنی

بتوں کے تئیں کس قدر مانتا ہے   یہ کافر مرا جیو خدا جانتا ہے
جب تک نہیں پہنچتی ترے آستاں ملک
تب تک ہماری خاک کی مٹی خراب ہے

کچھ یہ سجاد کے جیو پر ہی عجب حالت ہے
ورنہ دیکھے ہیں میں اس درد کے بیمار کئی

سوچتیں ہیں لبیں تو مت لے شوخ   چشم بوچے سے کیا اپنی ہے †
اے صنم زنار پہنی تجھ وفا کے واسطے
ورنہ کوئی کافر نہیں ہوتا خدا کے واسطے

---

* نکات الشعراء میں نہیں ہے   † نکات الشعراء میں نہیں ہے

دنیا وہ ایک چاند ہے گردش میں جسکے حضور
کرتا ہے آفتاب بھی جسکے آگے فروز دھوپ

مژگاں کی صف میں چھپ کے نگہ یوں کرے ہے چوٹ
صیاد جیوں شکار کی ٹٹی کی لیتے اوٹ
ہوتا نہیں ہے قلب میں عاشق کے ساتھ صاف
جس سیم تن کے ہوتی ہے کچھ دل کے بیچ کھوٹ
یاری ہمیشہ دیکھنے کے رہتے ہیں داؤ میں
زاہد جو بیٹھتے ہیں یہ جانوں میں مار گوٹ
'سجاد' تیر کھانے کو ابرو کمان کے
رہتی ہے میرے دل کو نشانے کے ساتھ چوٹ

جنبش ہی ہرگز اس سے اُٹھاتا نہیں ہوں ہات
تیری بتوں کی تیغ ہے ظالم یہ سر کے ساتھ
چپ رہ گئے ہیں دیکھ کے سب تجھ دہن کے تئیں
آتی نہیں ہے کہنے میں کچھ تجھ لبوں کی بات

جوں ہی رقیبوں سے کیوں نکرے ہات پاؤں گم
'سجاد' اُس کے پاؤں لگیں جس کسی کے ہات

مہندی کی مچھلیوں کی طرح غرق خوں ہے دل
تجھ ہات بیچ دیکھ کے اس شست کی نشست
میرے ضعیف سینے پہ یوں بیٹھتا ہے ہاتھ
جیسے کہ ناتواں پہ زبردست کی نشست

یوں گھر گیا جو زلف میں کیا جانتا تھا دل
عاشق کو سر اُٹھاتے ہی پڑ جائیگا یہ پیچ

ایک ایک بال کو ٹکے لے جائینگے دے بوسا
لڑکوں کے ہات رانڈ ڈاڑھی رہا ہے کھوسا

ہم پہ سنگیں دلوں کا ہے بھاری   بہت جانا طرح تالا

لبریز ہوکے شیشے سے اگلے پڑے ہے مے
کون اِس کے اشتیاق میں ہے جاں بلب ہوا

رفتار کا تمہاری بہت شور جگ میں اب کا
جا کوہ میں چھپا ہے حجالت سے کبک کب کا

ہم اسیروں کے دل نہ پھندوں کا   تیری زلفوں نے بار باندھ دیا

مجلس شراب کی نہیں ہوتی ہے گرم آج
گذرا ہے میکدے میں کوئی شیخ شوم سا

دوانے کو نہیں حکمت سے کچھ کام   وہ جنگل میں پڑے ہے بے سروپا

ہر ایک طرف کو اپنے یوسف کا ہوکے جویا
یعقوب سمجھ برادر کہیں خواب میں نہ رویا

عشق میں جی نکل نہیں سکتا   سر نہیں کوئی پہ اجل سکتا

جو لگے تم کو بھلا جان! وہی بہتر ہے
دل دیا تم نے کہا ہم سے بہت خوب کہا

کیا دل سخت، برا لفت کہاں جائے   تجھے سینے میں پتھر کے شرر بس

جام نہیں منہ سے لگایا تجھ بغیر   آ رہا ہے جان میرا جاں بلب
چاک سے دل، چشم نرگس ہو گیا   اب نہیں بس دیکھنے کی ہے طلب

ہوش نہیں ہے دریا کا یہ اِضطراب   تیری زلف کو دیکھ ہوتا ہے آب

چھوڑتے فصد اس دوانے کی   چھوٹ فصاد کی نہ جاوے نبض

یہ جلتا دل اپنے کا آتا ہے یاد

جہاں جلتے دیکھوں ہوں مجلس میں شمع

کب گریباں چاک پر تنگی کرے   ہے جنوں کے دشت کا دامن وسیع

جان! رونے کے سبب دل بجھ گیا   مینہ میں جلتا رہے کیوں کر چراغ

پھول لالا کے نہیں جھڑ جھڑ پڑے یہ باغ میں

جو ہوئے بسمل ہیں سو ان کے یہ ہیں لوہو کے داغ

رکھو آہ دل سوز میرے سے فرق   کہ ہے خوشہ چیں اس کے خرمن میں برق

پھنسا ہوں میں تری زلف کے دل مرا   سدا فکر میں ڈوبنے کے ہے غرق

سدا ٹوک لیتے تھے تم پیار سے   لگی کس کی اس ٹوک اٹھنے کو ٹوک

سکوروں میں جلتے ہیں جیسے چراغ

یہ آنکھوں میں اس طرح جلتے ہیں اشک

نظر میں جس گھڑی اس گل پہ ڈالی   نہیں آرام تب سے ساتھ کو تل

کہوں برہم نہ کہا جائے شور محشر   قیامت شور پر ہے یہ مرا دل

نہ دیکھا دل نے اس کو خواب میں بھی   عبث کس پہ لٹا دو سو باقی ما قل

ہوتے نہیں جو شمع تری انجمن میں ہم

جلتے ہیں سر بسر سوز کے اپنے ہی من میں ہم

رو دیا ترت یار نے 'سجاد'!   جب مری آنکھ سے ملائی آنکھ

دوری میں درد ہجر کا، اور وصل میں جفا
اس عاشقی کے پنتھ میں مشکل ہے ہر طرح

چرخ کبود ہے یہ ہرگز نہ سوجھیو تم
دل سوختوں کے نالہ کا ہے دود دل یہ گنبد

نہ شمس کسی طرح بنی ہیں دین و دل کے بیچ
کافر بتوں کا جی میں نہ دیوے جدا پیار
جو اُٹھ گیا ہے جب سکی آغوش سے سجن!
بیٹھا ہے تب سے دل بھی مرا مجھ سے یہ کنار

کوہ کن کیوں نہ سر کو پھوڑ مرے   لی ہے جا کس پہاڑ سے ٹکر

ہلال آسماں سے بھری میں   ترا ایک نہ ہے دس برابر

بت پرستی و میکشی سے دلا   کب تو توبہ کرے ہے توبہ کر

اُٹھے ہے دیکھو ہر طرف بار بار   صبا کیا اُڑا دی ہے گل کی بہار

بقا ہے امروز فردا ہمیں   کسی کا نہیں آج کل اعتبار

ہجر کی راتیں بھی آخر کٹ گئیں   ایک سے رہتے نہیں ہیں دن ہمیش

اور ہی طرح کا سخت وو کافر ہے سنگدل
تو مثل اس صنم کے نہ ہر بت کے تئیں تراش

دوستی میں کسی پہ بوجھ نہ دے   جو دلوں پر نہ ہووے بار اخلاص
اپنا شمس جو ہو کوئی 'سعاد'   وہ کسی سے کرے پیارا خلاص

ایسے نرے چمکتے دانتوں کو دیکھ پیارے!

پانی ہو جاتا ہے موتی مارے نہ کیونکہ جھلکے

کہا جاتا تھا مجھکو رسوا کریں گے سب یوں

یہ طفل اشک میری آنکھوں کے بیچ پل کے

مجھ سا نہ راز اسکے یہاں کوئی رہا سکتہ

ہر صبح دم بہارے! کہتے ہیں ہار گل کے *

باب احمد کی بہت زیادہ ہے — عقل کا وہاں سوار پیادہ ہے

چرخ سے شق ہو چاند کا گرنا — طشت از بام اوفتادہ ہے

سعدی "سعدی"

از شعرائے سلف دکن است، زبانش با زور مرۂ دکن آشنا مرقدش در جوار برہان پور مشہور است اشعار او سوائے این ریختہ کہ بتذکرۂ نکات الشعرا مذکور است، دیگر بسمع نرسیدہ، از وست —

ہمنا جس کو دل دیا، سو نے لیا اور دکھ دیا

ہم نہ کیا، ہم وہ کیا! ایسی بھلی یہ ریت ہے

دوستوں کے گھونٹ کروں رو رو کے اسکھواں دل بھروں

یوں سگ کوچہ دھروں، پیاسا نہ جاوے میسا ہے

---

* گلے رکھے — ۲

جو کہا غیروں سے اور ہم سے نہیں   سن رہیں گے ہم بھی وہ باتیں کہیں

آنے کا خواب میں بھی نہیں وہ کبھی نظر
'سجاد' تو کہا ہے عبث کس خیال میں

عشق سے کس کے نہیں داغ جگر جلتے ہیں
سنگ ہے تن کے بھی سینے میں شرر جلتے ہیں

اگر وہ صبح کو صحرا کسی کا لینے کوں
نکل کے گھر ستی آوے تو ہم سلام کریں

اے خدا درد سنی جائے بت کافر کے
حال بد جو ہے مرا تجھ کو ہے بہتر معلوم

دوانا کھاتا ہو جو دشت کا   نکل دیکھے ٹک آ میدان میں
کتابی ہے ہر شعر 'سجاد' کا   پسند اُس کو کرتے ہیں دیوان میں

سجن کی زلف پہ جب تک نگاہ رہتی ہے
نہ اشک تھمتے ہیں اک دم نہ آہ رہتی ہے

آ کھڑا تو ہوا جو کوٹھے پر   گھر گئے عاشقوں کے ہاتھ کٹی

دل مرے کا لکھا ہے جب سے سوز   تب سنی ہے قلم کی نوک جلی
سن کے مرے فغاں کو عالم میں   نے کسی نے پھر ہات ہیچ نہ لی

دل ہوگیا پھپھولا پیارے! تمام جل کے
کیا تجھ نہال سے ہوں امیدوار پھل کے

دیکھا نہ دل مرے نے زلفوں سے تاب کھایا
گلشن کے بیچ سنبل کھاتا ہے تاب ہلکے

واللہ جو سر لوح پر نام نہ ہوتا   ہرگز کسی آثار کا اہتمام نہ ہوتا

یار سے جو رقیب لڑتے ہیں   نہ ہمارے نصیب لڑے ہیں

اہل زر کے سیم تن ہوئے ہیں رام   صید ہو ہیں جس جگہ دیکھے ہیں دام

پپیہے کی طرح دارو کے شیشے   زباں حال سے کہتے ہیں پی پی

نہیں سمجھ ہجر میں پیتے شراب ارغوانی ہم
ارے ساقی اُترے سارے ہیں مانگیں گے پانی ہم

میر ناصر "سامان"

تخلص - سامان سخن گوئی بسیار می داشت، وشعر فارسی خوب می گفت - تربیت یافتۂ میرزا مظہر جان جان است - سخن ریختہ اش نمکی دارد —

روئیاں دیکھ مجھ جلے ہیں اس بھانت
گویا رشتے میں ہیں اُس شمع رو کے

کوڑا کھو ہو گئے سارے حسو دان   اُڑائے ہیں انوں کو ہم لے سو کے

سبھی کہنے لگے اب شعر ایہام   سلیقے کم ہیں 'سامان' گفتگو کے

'فتح علی خان' این دو بیت می نویسد —

اُنہیں کیوں کر نہ اب دل سے بھلو کے   کبھو تھے آشنا ہم بھی کسو کے

خبر بھی آوے یہ رہ گئی ہے   کبوتر اُڑ گئے پیغام کی کو کے

"سعدی" غزل انگیختہ، شیر و شکر آمیختہ
در ریختہ دُر ریختہ، ہم شعر ہے، ہم گیت ہے

نجم الدین علی خان "سلام"

ولد شرف الدین علی خان "پیام" معنی تلاش والا مقام، از شعرائے شیرین کلام است مولدش دارالخلافۂ اکبرآباد، وطبع نکتہ سنجش معنی ایجاد این دو بیت نتیجۂ اوست —

حدیث زلف چشم یار سے پوچھ — درازی رات کی بیمار سے پوچھ

یہ نالہ و جسم ہے سمجھیں مرے صبر کی
مسلخ میں بعد ذبح تحمل نہ کیجیو

سعادت اللہ خان "سعادت"

از سادات امروہہ بود، و گرہ معنی نازک بناخن فکر رسا می کشود این ابیات از تذکرہا ماخوذ شد —

کس سے پوچھوں، دل مرا چوری گیا زلفوں میں رات
ایک جو شانہ ہے سو تو دبل میں ڈالے ہے ہات

ہوش کھو دیتی ہیں میرا اس کی آنکھیں مے پرست
بسکہ ہوں کم ظرف، دو پیالوں میں ہو جاتا ہوں مست

کیا صید آہوئے دل آسواری سے میاں آ تم نے
کمر کی تاب نہیں کھولی گویا چیتے کی ڈوری تھی

نامه، احوال خود می نگارد و راقم سطور ازان جا
نقل بر می دارد، که: این فقیر از سن دوازده سالگی بعلت
بود (بهمه) همسال - امهٔ فرزندی در دریافت و بتکلیف نساج
بیخودی اکثر در سواد روضهٔ منورهٔ حضرت برهان الدین
غریب شبها بروز می آورد، از خوش فهمان بیتی اشعار شور
انگیز و ابیات درد آمیز بزبان فارسی از مکنون خاطر بعرصهٔ زبان
می آمد و بانقضای احوال خانه را به تحریر آن آشنا می ساخت،
احیاناً شور عشقی خاطرالوقت می بود بنهج حلاوت ذائقهٔ طبع
خود کاغذ را سیاه می نمود و اگر آن اشعار تمام به تحریر
می آمد، بدیوانی صحیح ترتیب می یافت چون تقاضای عمر فادل
آن همه سخن سنجیها نبود، باستماع آن شور و بانگ حال هالوبی
در ورطهٔ تعجب افتاده، از جملهٔ اهتمامات بحضور می آورد
بعد انقضای مدت مسطوره بلاش الف دعوی محرک رگ جان
گردید، با آن وساطت بعنایت جامی سر بعث عربی، سالک
طریقت الاحمدی، واقف حقیقت الهولی، عارف معرفت الکبری، قبلهٔ
مردمان راسخ الیقین و صاحب الایمان، کعبهٔ مستفیضان کامل الصدق
و ثابت البرهان، حضرت خواجه سید شاه عبدالرحمن چشتی قدس الله
سره العزیز که وصال مقدس در سنه احدی وستین و مائه والف
اتفاق افتاد - سعید ارادت گشته، فیض یاب ارشاد گردید، و
جرعه از بزم عنایت آن ساقی شراب هدایت، موافق حوصلهٔ خود
چشیده - در آن ایام برای پاس خاطر عزیز عبدالرسول خان صاحب
که برادر طریق این فقیر اند، اکثر اشعار آبدار در زبان ریخته
بسلک سطور منسلک گشت ایشان آن جواهر متفرق را که

میر سراج الدین "سراج" *

شخص شیخ چرب زبان نرم روش بنادی، و سراج منیر محفل آتش زبانی است. بازار ریخته در دکن بعد ولی دکنی ازو گرم گردید، و آوازهٔ سخنش از بس اشتهار عالم رسیده - شعر پر شورش دل فرور، و سخن پخته اش گلو سوز است. درین ایام با راقم سطور گرم می جوشد، و دم از دل سوزی می زند. غرض مغتنم است، حق تعالی سلامت دارد. در دیباچهٔ منتخب دواوین فارسی که در سنهٔ تسع و ستین و مائه و الف تالیف ساخته، و تاریخ تالیف "منتخب دواوینها

* شاه سراج الدین "سراج" اورنگ آبادی از ابتدا در مسلک سپاهیان نوکری می کرد. آخر الحال ترک روزگار کرده از چند سال لباس درویشی پوشیده است. در فکر ریختهٔ هندی طبع موزونی دارد - دیوان ریختهٔ هندی ترتیب داده - گاهی در فکر اشعار فارسی می گراید. ازوست —

یاد رکھ اے دل جوں گشمہ کہ جوں نشۂ لعل
جامہ زیبوں کے گریبان کا گلو گیر نہ ہو
ہوا ہے دست بدست جادوادے میں دربے غم کے
رہے گا سلسلہ آنسوں کا جاری روز محشر لگ
برہ روئی کی ہم اب لانے لگے طرزیں نئی
کوئی دن بھی وصل میٹھوں کی سو شاید ہو گئی
مجھ نگاہیں داغ دل پر نقش ہے حرف وفا
عشق کی امت میں ہوں مہر نبوت کی قسم
شعر رنگین کے غزالوں کوں کہا صید سراج
رشتۂ دام ہے تار نگہ چشم جمال

(تحفة الشعرا)

نہیں جس سے پاس شاہد گلگوں قبا 'سراج'
جی پر ہے تنگ جسم کا جامہ سیا ہوا

مشہد میں قمریوں کے جو سرو قد جو آوے
شمشاد ہر چمن کا شمع مزار ہووے گا
آئینہ رو کے دل میں نہیں عکس مہربانی
میری طرف سے اُس کو شاید غبار ہووے گا

دل مرا زلف سیں چھوٹ پھنسا ابرو میں
کفر کو ترک کیا مائل محراب ہوا

رخسار یار حلقہ کاکل میں ہے میاں
یا چاند ہے 'سراج' اماوس کی رات کا

اُس پھول سے چہرے کو جو کوئی یاد کرے گا
ہر آن میں سو سو چمن ایجاد کرے گا
جس وقت میں تعریف کروں اس کی بھووں کی
الدنه ہلالی بھی اسے صاد کرے گا

جان و دل سے میں گرفتار ہوں کن کا؟ اِن کا
بندۂ بے زر و دینار ہوں کن کا؟ اِن کا
صبر کے باغ کے میوے سے بھرا ہوں جیوں پھول
اب تو لاچار گلے ہار ہوں کن کا؟ اِن کا
حوض کوثر کی نہیں چاہ، زنخداں کی قسم
تشنۂ شربت دیدار ہوں کن کا؟ اِن کا

جل گیا پروانہ، پر مجھ سا سمندر جو نہیں
یہ سخن شاگرد کا اُستاد پر باقی رہا

فوت پنجم هزار بیت بود، به ترتیب دیوان مرتب نموده،
تحفهٔ مشتاقان خاص گردند، و رفته رفته شهرهٔ تمام یافت، که
تمام هم رسید و مقبولیت چندے بلباس باخرهٔ "القمر قمری"
مختار گردند و از همان روز موافق امر می‌رسد، بوجهی تا
حالت تحریر که سال ۱۲۵۵ هم است، دست زبان از دامن سخن
موزون کشید" انتهی —

مثنوی شاه صاحب مسمی به "بوستان خیال" که جملهٔ
ابیاتش یک هزار و یکصد و شصت باشد، بنظر در آمد حقا که
خون از رگ ابر بسته چکانیده است مطلع او این‌ست —

ارے ہم نشینو! مرا دکھ سنو   مرے دل کے گلشن کی کلیاں چنو

اشعار آبدارش مشهور آفاق است، از بس اشتهار حاجت
تحریر ندارد، ولیکن بنا بر التزام این خرده بقلم می آرد —

دل جگر کی پھنکڑیاں آہوں کے تاگوں میں پرو
بیٹھ کر دوکان غم پر پھول والا ہو گیا
اشک باراں، آہ بجلی، ہجر کی کالی گھٹا
ماہ رو بن کس طرح کا برشگالا ہو گیا
بند سے کھل گئیں مری آنکھیں سو دیکھا یار کو
یا اندھارا اس قدر تھا یا اُجالا ہو گیا
پھر رہا ہے بس کہ دود آہ میرا اے 'سراج'
آسماں جوں پردۂ فانوس کالا ہو گیا

آ پیا پیا شراب کا پیالہ پیا ہوا
دل کے دئے کی جوت کا کاجل دیا ہوا

ڈورے نہیں ہیں سرخ تری چشم مست میں
شاید چڑھا ہے خون کسی بے گناہ کا

آ مری آہ کا تماشا دیکھ   گر تجھے ذوق ہو ہوائی کا

جو تیوری چڑھاوے، تو جی کو لٹاوے، وگر مسکراوے، تو پھر گر جلاوے
یہاں ان دنوں میں ہے دیکھا ہے ہم نے وو ساحر کی افسوں گری کا تماشا

بت پرستوں کو ہے ایمان حقیقی وصل بت
برگ گل ہے بلبلوں کو جلد قرآن مجید
لشکر قلب صف عشاق میں ہے غلغلہ
یکہ تاز آہ کو کس نے کہا ہے یار سپید
باغ سے گلچیں چلا سب بلبلوں نے مل کئے
حضرت گل کو کہے جاتا ہے یہ کافر شہید

نظر آتا ہے قد ترا مجھکو   سرو آزاد گلشن ایجاد

یہ تنگی انہوں کے دہن کی نہ پاوے گا اپنے گریباں میں سر کو ڈبو دوں
اے غنچے نہ باتیں ہو مہتاب رویوں سے مت جلد پن کر چکوروں کے مانند
غم کے پہاڑوں کو سر پر اٹھائے ہیں وحشت کے پٹھوں سے آہوں نے میری
دل کے اکھاڑے میں اب کون ہمسر ہے ان پہلوانوں کے زوروں کے مانند

رخ ترا نسخۂ گلستان ہے   ہے خط سبز جدول زنگار

ہے مری ہر ہر پلک پر جلوہ گر خون جگر
دیکھ دریا کے کنارے پر چراغاں ہے ہنوز

گل گلاب کے جیوں اس پاس ریحان ہے
عیاں ہوا ترے رخسار پر خط شب رنگ
ترے دہن کی نیستی سے مجھے ہوا معلوم
نماز شام کا ہے وقت اب نہایت تنگ

جاتا ہے مرا جان بہت پیاس لگی ہے
مانگتا ہوں ذرا شربت دیدار کسی کا

سب پر ہے کرم مجھ پہ ستم، کیا ہے دورنگی
دلدار کسی کا ہے، دل آزار کسی کا

زنجیر بھلی، قید بھلی، موت بھی جیوں نہوں
بن حق نکرے کس کو گرفتار کسی کا

میں ہوں دو دوانہ، پہ کسی زلف کا نہیں ہوں
واللہ کہ رکھتا نہیں یک تار کسی کا

ابروے پر چیں کو ترے دیکھ دل حیراں ہوا
کیا مگر شمشیر جوہر دار کو دیکھا نہ تھا

دل مرا بیخودی کے دریا میں | سب سے آزاد ہو نہنگ ہوا

دورنگی خوب نہیں یکرنگ ہوجا | سراپا موم ہو یا سنگ ہو جا

جفا سے تم نے نہیں ہاتھ ہی ہے اٹھتوں | لئے ہوجاب شاد دل کسی

تجکو اے آہو نگہ کس نے سکھایا یہ طرح
جا تو تھا اوروں سے رم یا ہم سیں رم ہونے لگا

ماجرا سنکر ہمارے اشک بے پایاں کا
آب ہو جاتا ہے زہرہ نوح کے طوفاں کا

دیکھ کر دریا میں اُس مہ لقا کے ہاتھوں کا عکس
خشک ہو جاتا ہے لہو پنجۂ مرجان کا

ہے بیاں شور جنوں میرے ہر بیت میں
برق کے شعلے سے جدول چاہیے دیوان کا



دل کو دو چشم جادوں کر لی ہیں قتل عاشی
کیا اتفاق ہے کہ دیکھو شرا بدوں میں

ہمارے پر درش ابرو کیے ہیں   رقیبوں کے طرف ابرو کیے ہیں

آرزو ہے مری آنکھوں میں رہو پتلی ہو
تم کو دیدوں کی قسم یہ وطن اپنا دو جھو

تمام آفتاب جوبی ہیں خطوخال   عجب ہے سورج کا چہرہ کیا سی
کلید آہ سے صندوق دل کا قفل کھلتا ہے
الٰہی کارخانے کا اسے مشکل کشا کہیے

بہار شادی ہے بزم گلشن میں مطربان چمن شرابی
پیالہ گل، سرِ سبز سبزہ، شراب دو، اور کلی گلابی
ارے چکورو! یہ چاندنی نہیں عیش کے ہو ہجوم تم نے
ہوا ہے جوش بہار نسرین سے دھوپ کا رنگ ماہتابی

کسی استاد تیر انداز نے لے سیں لگا ہوں گے
ہمارے تودہ دل پر عجب لے سیں چلایا ہے؟)
یکایک کھول کر مٹھی پلک کی موند لیتی ہیں
مری آنکھوں نے شاید خواب میں کوئی لال پایا ہے

وقفہ ہمدردیں زمین رنجتہ بعض بعض کہنہ، ادین سدر رنجتہ —
پھپھولا ہوں جگر کے سینے کا انگور لاتا ہے
مگر اب کے کچھ اُس کا دل تو سے پہلے پہ آیا ہے
مجھے ہم پر کیا معلوم ہووے عشق کی سختی
وہی جانے قدر اس کی کہ جن نے دل گنوایا ہے
نہیں دیکھا ہے شاید قد ترے کو سرو رعنا نے
کہوں تعجب سے گلشن بیچ آ سر کو اُٹھایا ہے

یکسا جلا ہوے ہیں بلبل و پروانہ اے 'سراج'
اس شمع رو کے چہرۂ گلنار کی قسم

مثل سیماب آتش غم میں ز بس بیتاب ہوں
بعد مرنے خاک میری کیمیا سے کم نہیں

پیچ کھا کھا کر ہماری آہ بھی گرداں ہوئی
ہے یہی سمرن مری در کار کوئی مالا نہیں

گذر عمر کا نہیں شادی سے آؤ
دل و دیدہ خالی ہیں دونوں سرائیں
ارے مدعی ہر صبح اس خوش دہن سیں
مناسب نہیں خندہ پن کی ادائیں
دو زلفوں نے گھیرے ہیں چہرے کو تیرے
بلائیں بھی لیتی ہیں تیری بلائیں

کہو کیونکر رہے فوج حبشی کا مورچہ قائم
کہ یہاں قلقل کے گولے شیشۂ مینا سے آتے ہیں

ہر اک نا قوس میں آتی ہے آواز
کہ ہے ہر گھٹ وو ہر ہر ہر کے گھٹ میں

اشک خونیں ہے شفق آج مری آنکھوں میں
سانجھ پھولی ہے ترے باج مری آنکھوں میں

جلنا تڑپ تڑپ کر، مرنا سسک سسک کر
فریاد! ایک جی ہے کس کس جفائیوں میں

٭ (ں) حرد (کلیات) —

صداے آہ قمری سے چمن میں راگ ہوتا ہے
عجب نہیں جو ہر اک شمشاد کو وجد سے حال آوے

ہم نے سہل کسی کو جی نہ رکھے — شکر للہ کہ ہم تمام ہوے

پھٹی میں میاں ہے سبزۂ خط — تیرے عارض میں نسخہ صافی ہے

وو پھول مرا آج کہ ہر پھول پڑا ہے
دل پھول کے پھولوں نہ سماوے تو بجا ہے

میر محمد تقی 'میر' و محمد فتح علی خان این ابیات انتخاب نمودہ اند —

تم پر فدا ہیں سارے حسن و جمال والے
کیا خط و خال والے، کیا صاف گال والے

پی بن مجھے آنسوؤں کے شراروں کی کیا کمی
جس رات چاند نہیں ہے ستاروں کی کیا کمی

نہیں ہے تاب مجھے تیرے سامنے جانا
کہاں 'سراج' کہاں آفتاب عالمتاب

رفوگر کو کہاں طاقت کہ زخم عشق کو ٹانکے
اگر دیکھے مرا سینہ رفو چکر میں آ جاوے

شعلہ جو جب سے نظر آتا نہیں — لوٹتا ہے تب سے انگاروں پہ دل

عجب وہ سرو گلزار ادا، جوں ہی قد ہوا واقع
پر بلبل، نہال گل کو دست رو ہوا واقع

ہاے رہ گئی دل میں دامن گیریوں کی آرزو
سبزۂ تربت مرا ہے پلکہ گیرا ہنوز

نہیں حقیقت میں حسن و عشق جدا — طوق قمری ہے طرۂ شمشاد

خرد کو عشق میں آ کر رکھتے طاق کے اوپر
مرے دل نے ترے ابرو سے یہ مضموں پایا ہے

گلشنوں میں مگر ادھر رہتا ہے کہ اب 'صاحب'
ہر چمن پھکڑے سمن دان کو یوں جلا رہا ہے (؟)

مجنوں بھی گرچہ خاک نشینی میں کم نہ تھا
ہم نے بھی اپنے وقت میں دھوم میں اڑا چکے

نہ بیخودی نے عطا کیا مجھے اب لباس برہنگی
نہ خرد کی بخیہ گری رہی نہ جنوں کی پردہ دری رہی
وہ عجب گھڑی تھی، میں جس گھڑی، لیا درس نسخۂ عشق کا
کہ کتاب عقل کی طاق میں جو دھری تھی یوں ہی دھری رہی

میں بے خبر تھا اس کے تبسم کی خبر
بلبل کی بند جامہ گل سے اُچٹ گئی

ہات میں شمشیر لیے آتا ہے وہ جلاد جو
عاشقوں کو عید قرباں کی مبارکباد ہے

طوق و زنجیر نہیں جس پہ، کسے رحم آوے
دام الفت کے گرفتار کو کوئی کیا جانے

تازہ رکھو آپ مہر دائی سمن   ایک دل سو چمن برا بر ہے
رحم مجھ پر، کرم رقیبوں پر   ہووے تو بہتر نہ ہووے تو بہتر ہے

مرے گھر مہر سیں گر وہ مہ ابرو ہلال آوے
رقیب شوخ طینت کے ستارے پر زوال آوے
بجائے "شوخ طینت" چنیں بجا طرح کی گذرد —
؏ کہیں طینت رقیبوں کے ستارے پر زوال آوے"

اب بلک مجھکو کسی سجن کے چہرے کا خیال
صورت آئینۂ حاں نہ ہوا تھا سو ہوا
صف عشاق میں کوئی ثانی مجنوں مجھ سا
وحشی کوہ و بیاباں نہ ہوا تھا سو ہوا
آہ سوزاں سے مرے دامن صحرا میں 'سراج'
قمر مجنوں پہ چراغاں نہ ہوا تھا سو ہوا

میں نہ دیکھا تھا سجنوں کی عبادت کی سحر
اب دم خنجر کے پانی سے وضو کرنا لگا

مانگ تیری سجن کی ظلمات میں   مانو دیکھا ہے آدھی رات میں

خواب میں بھی دیکھنا اس کا مجھے مشکل ہوا*
بسکہ رکھتا ہوں خیال یار میں دیدار مست

ناز کے دیوان میں اے مطلع حسن و جمال
مد سرا ہے مصرع و ابرو ہے بیت انتخاب

اے جان 'سراج' آج دکھا درس تو اپنا ۱
ہے وعدۂ فردا مجھے فردائے قیامت

لیا ہے نقد جان بلبلاں یعنی خراج اپنا
چلا یا خسرو گل نے اسی ڈھنگوں رواج اپنا
ارے ہم! صبح آنے کی خبر ہے سرو قامت کی
قیامت کل کو آتی ہے عمل کر لے تو آج اپنا
لگا کر راکھ جوگی ہوئی قمری باغ کو تج کر
مگر کوئی سرو قد کے واسطے چھوڑے ہے راج اپنا

---

* (ن) ہوا مشکل سراج —   ۱ (ن) جلوۂ دیدار —

مدت سے گم ہوا دل دیوانہ ہے * ' سراج '
شاید کہ جا پڑا ہے کسی آشنا کے ہات

شکر اللہ ان دنوں ہمرا کرم ہونے لگا
شیوۂ جور و ستم فی الجملہ کم ہونے لگا

نہیں ہوا اس شمع رو کے عشق میں داغ ایک ' سراج '
ہیں ولا حسن آدمی کے ایسے پروانے کئی

یہ منصور چشموں کی مدد کرنے کو شبنم ہے سرو آشوروں کے مانند *
روپے کی نہالی ' سفیدی ہے نرگس کی ' زردی ہے زر کے کٹوروں کے مانند
دل کے خزانے سے شاید لیے جا رہنگے جو کے جواہر کو عیاریوں سے
ہر دم خیال اُس کا آنکھوں کے روزن سے آتا ہے چھپ چھپ کے چوروں کے مانند

پھر نہی نہیں ہے شور شوق سے خالی
بیتابی نبض رگ خارا کی خبر لو

مجھے مصری ستی پیاریاں ہیں وو شیریں لب کی باتیں پیاریاں ہیں
چلا نئی موتہہ شمشیر نگہ کی وو جادوگر میں کیا عیاریاں ہیں
نہ سوجھو آسماں | اوپر ستارے ہماری آہ کی چنگاریاں ہیں
غزل خوانی چمن میں بلبلوں کی ہماری تعریف کی زاریاں ہیں

مجھے غم دست و گریبان نہ ہوا تھا سو ہوا
چاک سینے کا نمایاں نہ ہوا تھا سو ہوا

* (ن) بیگانہ رہے — (ن ک) پرنم —
۱ دونوں تذکروں میں یہ شعر نہیں ہے کلیات میں ہے —
۱

دامن فلک بھی ہاے ذرا دست رس نہیں
کیا خاک میں ملی ہیں مری جاں فشانیاں

عید وصل سرو قد سے ہیں مرے گھر شادیاں
عالم بالا سے آتی ہیں مبارک بادیاں

شاہ غلام قادری "سامی"

اسم نامی گرامی، عالی تلاش نامی، مورد کرامت الہی، مظہر قدرت نا متناہی، چراغ دودمان فقر و فنا، فروغ خاندان توکل و استغنا، ہمای اوج قناعت، طوطی بوستان فصاحت، محترم قواعد دو آئین، موجد قوانین دل نشین، روشن دل حق بین، طرفہ پسند حق گزین، عارف آثار سلف، مقصد باب صلح کل، کہ سخن رنگین در خدمت او دست بستہ ایستادہ، و غزالان مضامین تازہ در دام الفاظ او از خواہش دل افتادہ، از صغر سن طبع نقاد، و ذہن وقاد دارد بہر فنی یا ہنری کہ توجہ فرمود، بادنی فرصت حجاب از رخ شاہد مقصود کشود۔ در ہر فن کامل عیار است، و مراحل از ہمہ جور مبرا و نیز گرد تکلف اصلا پیرامون دامان حالش نگردیدہ، و سموم تکلیف در گلستان ہمیشہ بہار او ہرگز نہ وزیدہ وقتی کہ آن بزرگ در صوبۂ برار تشریف داشت، فقیر مولف نامہ بہ حضور آورد، و این دو بیت رفتہ بہ 'سامی' خط قلمی نمود –

شہر خجستہ بیچ ہمیشہ بہار ہے
ہر کوچہ و گلی میں دیکھو لالہ زار ہے

ترا غم زہر تھا پر سوجھ دارو جان کر کھایا
کہا ہے اچھے ہاتھوں دل ہمارے نے علاج اپنا
وو ظالم مجھکو جلتا دیکھ کر اتنا بھی کہتا ہوں
کہ کیا ثابت قدم ہے کیوں نہ ہوئے آخر سراج اپنا

ہر قدم قدم خنجر اوپر اس سر سے گذرنا
اول قدم شوق ہے مقتول کو ہماری

آفریں جوں مرے دل کا نہ کام آیا
سچ کہا ہے کو مرا نام ہے تل جانے کا

پھر پھرا تا ہے ہر سحر خورشید　　دیکھہ مکھہ چہرۂ زریں کی سمت

دستار باندھنے کا چلا باندہ شعلہ رو
شاید کہ آفتاب سے چہرا بدل کرلے

کل سے بیکل ہے مرا دل ' یار کو دیکھا نہ تھا
کیوں نہ ہو بیتاب دل دلدار کو دیکھا نہ تھا

یار آتا ہے مرے قتل کو اور میں ہوں خجل
حیف اس وقت میں میرا دل بیجاں نہ ہوا

باغ نے سرو کی انگلی کو لب جو پر رکھہ
حیف کہتا ہے کہ وہ سرو خراماں نہ ہوا

اول کی تم تو بھول گئے مہربانیاں
لانے لگے ہو خوب شرارت کی بانیاں
مجھہ دل کے کوہ طور کا سرمہ دیے ہو تم
باقی ہیں اب تلک بھی وہی لن ترانیاں

انقلاب عشق جنونی بطرف خود کشید و از اسباب دنیا ترک گردید، منہے مسند آرائے ارشاد بودہ، بزیارت حرمین شریفین روانه گشت در ابتدائے راه بجهاز سرست شہادت چشید، دران زمان عمر سامی دوازده ساله بود که ترک علائق و تجرید علائق اختیار کرده، به هیچ احدے از امرا التفات نیارد۔

نامهٔ سرو که بجانب شمشاد نوشته این است -

اُٹھ اے ساقی زمانہ ہو کے عنقا — جدائی کا لکھوں پھر قصہ پر طغرا

مگر نامے سے کر اب یار سے بات — کہ ہے مکتوب ہی نصف الملاقات

ارے ساقی ارے اے یار ہمدم — زمانہ اب ہوا پھر قصہ پہ برہم

ہمیں اس وقت تیرے ساتھ ہے کام — دے خط یار سے ہم کو پلا جام

نہیں عاشق کے طالع میں آرام — کہ یکدم حسن ستی برلاوے کچھ کام

ہے دشمن عشق بازوں کا جہاں سب — سراسر یہ زمین و آسماں سب

فراق و حزن و غم سب مستعد ہیں — ذرا قابو کے اوپر متفق ہیں

کہا مورے سے یوں وہ مہر بے تاب — کہ ہے حسن کا جدائی سے جگر آب

کہ جب وہ سرو آزاد جدائی — دکھا شہ جعفری سے بیوفائی

لکھا تب نامہ اس دم یار کے تئیں — بلایا الغرض دلدار کے تئیں

ورق تھا پردۂ دل اس کی خاطر — بنایا پسلیوں سے خط مسطر

ہوا اتمام جب وہ نامۂ غم — لپیٹا پردۂ سینہ میں اس دم

سویدا کی کیا تھا مہر اُس پر — کہ کھودا تھا جو اُس میں نام دلبر

بلا کر آہ کا قاصد شتابی — تھمایا اُس کو با صد اضطرابی

چلا اس باغ میں جب قاصد آہ — دیا شمشاد کو وہ خط دل خواہ

'سامی' کئے ہیں پھول جو یہ شہر' طاہرا
اہل 'نزار' سے اونچہ صنعت نزار ہے

الحال که در خجسته بنیاد آمد، راقم سطور از ملاقات مثنوی جمیلی نمونهٔ سرور المحبت و آن خلق مجسم هم نکات و مراتب روحی افزاے کلمهٔ خاکسار به عزیزے بایں حسن خلق و آشنا پرستی و کمالات، زمانهٔ ناقدان بس کم دیده، حق تعالی سلامت دارد "قصهٔ سرو و شمشاد" قریب هفت هزار بیت بزبان ریخته موزون کرده بود، در اختتام نسخهٔ مذکور صاف نسخه نمودنی رفت، مگر چند اجزاے اول از جائے گمست افتاد، باز از سر نو در تصحیح نسخه سرگرم است، در نامهاے سوال و جواب سرو و شمشاد قیامت برپا کرده، و پایهٔ معنی تلاشی بعیوق فلک رسانده - نظیر نسخه دل خواست، بقلم می آید، و قصهٔ "طالب موهن" که در عم "قصهٔ لعل و گوهر" عارف الدین خان 'عاجز' گفته است، بسیار ملاحت دارد لیکن "بسرو و شمشاد" نمی رسد —

خلف 'سامی' میرزا فضل الله مشتهر بمیرزا هدایت الله که در شیوهٔ خوشنویسی نظیر نداشت، بداروغگی کتب خانه و جواهر خانه و خوشبوی خانهٔ محمد اعظم شاه، علم یکتائی افراشت بعد رحلت اعظم شاه ترک دنیا کرده منصب فقر گزید - والد بزرگوار 'سامی' در عهد نواب مغفرت مآب بعلو پایهٔ تقرب و عطاے بخشی منصب ممتاز امیران بود که ناگاه آن

* انهیں

مرے دل پر چمن کے سب نظارے   ہر ایک قطرے سے بن رہوں انگارے
مرے بن باغ کی ساری عمارت   مجھے ہے مثل ناسوروں عبارت
نہیں مستی ذرا یہاں تاک کے بیچ   رہا ہے غنچہ کیا اب خاک کے بیچ
صراحی سرو کی خالی پڑی ہے   یہ قمری غم سے دل کالی ہوئی ہے
نہ بلبلا ہم سخن میں مرد اہوں گُڑگُڑ   گئے ہیں سرو کے بھی ہاتھ اُڑ
جگر لالے کا غم سیں داغ ہوگا   برنگ شعلہ سارا باغ ہوگا
یہ نافرماں سبھی رو بن گئی ہے   بنفشہ دل کے کھالی بن گئی ہے
ہلاک اِسقدر ہوا ہے مثل صد برگ   ہر رگ زرد پھلے ناول مرگ
نہ دیکھے جو شب غم میں اُجالا   گل شبو کے انکھوں پر ہے جالا
ہوا ہے آشکارا نہیں ہے پنہاں   لباس دیدۂ نرگس سے یرقاں
خزاں سے جان بلب خوردوی ہے   چنبیلی ساری مدہیں سپوتی ہے
گلوں کا اُڑ گیا ہے سر بسر رنگ   رہی ہے عیش کی مردنگ ہو دنگ
دکھا آشوب کا ادس لکد کوب   گیا ہے ڈال عنکبوں ڈال میں ڈوب
طنبورا سر گراں ہوکر گیا لیٹ   نہایت ڈھول کا دکھتا ہے اب پیٹ
ر بس دیپک سے دھڑکا دل کا کارن   خدا یادوں عشرت سے ہے قانون
ہوا دمرے بہا غم کا جو ملہار   چلا ہے عیش کے ملہار ملہار
خوشی کا جو اُڑا طاؤس سارنگ   لگے ملنے کف افسوس سارنگ
غم دوری کا آیا کاں سے یہ دت   کیا عشرت نے سوراں کا جو پیت
جگر میں غم کے دیپک کی لگی آگ   خوشی کی دور( )پورب گئی بھاگ
جہاں تک راگ تھے وہ بیرنگ ہوگئے   خوشی و غم کے سُر سب دنگ ہوگئے
گئے سب راگ اُڑاتا رہا ہے   غم ہجراں کا یہاں گاتا رہا ہے
ہجوم غم کا گلشن میں ( )   دو دامی چشم بلبل کی گئی پھٹ

دیکھی جس وقت اس نامے کو دلبر
رکھی تسکین دل کو اپنے دل پر

رگ شریاں کی انگلی ساتھ کھولی
ندامت اُس پہ ہونا تھا سو ہو لی

لکھا تھا اس میں یوں مضموں نہایت
جگر سے دل تلک تھا خوش سہاتا

کہ اے شمشاد باغ بے قراری
گل رنگین بہار غم گساری

پس از آداب ہوں بے قراراں
کہ جس کے ہجر سے میں ہوں اشکباراں

دو ابرو کو سلام اس بد حشم سے
نگہ کو دیدہ بوسی چشم نم سے

جواب سے بوسہ وو رخسار کے تئیں
مقدس مصحف دیدار کے تئیں

یہ بوسہ ہے وو وحشی دل کو آرام
مبارک ہو اس کے تئیں بوسہ دینے پیغام

دعائے طول عمر ہر سر مو
قدم بوسی سے پہنچی طرف گیسو

بہار عشق بار حسن کو ہے
طریق بندگی سب روبرو ہے

ہے تسلیمات دل آرام جاں کو
سو معنی سو کمر نازک میاں کو

رکھا میں نے اُدھر یہ گفتگو سب
کہ ہے یہاں آرزو اب عرض مطلب

ہمیں شکوہ فراق ہجر کا ہے
زمانے کا یہ خاصہ آشنا ہے

یہاں میں کیا کہوں یہ ہجر بے دین
زمانے کو کہا ہے نادواں ہیں

کہ آ سکتیں نہیں آرام ہر دم
غرض اس کا یہی ہے کام ہر دم

کہ حسن و عشق کے ہونے سے یکجا
پڑے آنکھوں میں اُس کے سنگ خارا

(یکجا دیکھ سکتا
کھرا کھوٹا و لیکن دل پر کھتا

کہوں کیا تجھ کو اے شمشاد قامت
قیامت ہے قیامت ہے قیامت

جدائی سے ترے مجنوں ہوا دل
برنگ طفل دل پر خوں ہوا دل

ترے بن کیا کہوں اے مایۂ ناز
خوش آیندہ نہیں بلبل کی آواز

اگرچہ مجھ بنا میں باغ میں ہوں
سراپا لالہ مثل داغ میں ہوں

پلاتا ہے ہمیشہ مجھ کو لالہ
شراب غم سے بھر خونیں پیالہ

سبھی گل یہاں تو نافرمان ہی ہیں
یہ چشمے نوح کا طوفاں ہی ہیں

پڑھے جو سر بسر سارا یہ مضمون   ہوا بے اختیاری سے جگر خوں

نامۂ سوسن کہ در جواب نامۂ سرو نوشتہ

سیا ہے حال کے مژگاں کا خامہ   فکر کر یوں لکھے ہے شوق نامہ

ورق پر پردۂ دیدہ کے ہے داب   جدا آنکھوں سے کرکر پردۂ خواب

کہ اے سرو گلستان محبت   بہار معرفت و جان محبت

نہیں از عرض بیمار بے قراری   طریق بندگی و جاں سپاری

دو ابرو کا سلام اس دم ہم کو   نگہ کی دیدہ بوسی چشم نم کو

ملی لب سے ہمدوشی کو بوسہ   بغل گیری ' ہم آغوشی کو بوسہ

دعائے "مئی عمرک" الا کے تئیں   مصافحہ ہے ہم ناگاہ کے تئیں

جواب ہجر کو تسلیم 'جاں' ہے   کہ جانہ وصل کا ہم آشنا (؟) ہے

بعد از اشتیاق ازحد افزوں   بیاں وجہ اسکے جگر خوں

کہ میں ہوں شہر بند خانہ غم   بنی ہوں خلق میں افسانۂ غم

میں وہ بلبل ہوں جو اِس فصل نے بیچ

پڑے ہجری میں ہیں وصل کے پیچ

(   )   یہ مضمون رنگ ہے سحر قفس تنگ

خزاں اس ہجر کی پھر کہاں سے آئے   کہ گلشن وصل گل پل میں لٹائے

خوشی کاں ہے ہمارے یہیں چمن کی   کہ یہیں ہو گی خبر اپنے بدن کی

لگی ہے آگ گلشن کے گلوں کو   جلا ڈالے جا ساں نے بلبلوں کو

ہمیں کیا جاؤ جل کرباغ و بستاں   کہ ہے کنج قفس ہم کو گلستاں

طیوروں کو عبث دیتے ہو آزار   سنے ہیں ہم ہم نشاں کے بسیار

عجب کچھ ہجر کا ہے اے جدا مرض   مرے ہر عضو کو ہیگا جدا جدا مرض

جدائی سے ترے اے سرو یکتا   ہے سودا میرے ہر مو سوں ہویدا

( ) جیسا جوہر سرو چمن ہے   گلے میں قمریوں کے طوق غم ہے

عوض سرخ چھن کل داغ ہونگے   ( ) سب گل داغ ہونگے

ہوئے ہیں بے تامل سربسر گل   مشابہ شمع و گل، پروانہ، بلبل،

خصوصاً آہ میں ہوں اپنے حال پر دنگ   کہ ہے مجھ پر زمیں تنگ، آسماں تنگ

کہوں کیا نہ دل تنگ ستم گار   کیا ہے زندگی سے مجھکو بیزار

نہ جنگل میں مجھے ہے طاقت و تاب   نہ گلشن میں مرے رہنے کا اسباب

جنگل میں خاک اڑتی ہے کہوں کیا   چمن میں آگ لگتی ہے کہوں کیا

نہیں کوئی انیس و یار و ہمدم   نہیں کوئی رفیق و مونس غم

جسے دیکھا سو دو تا و کا ہے یار   جسے دیکھا سو عند الغرض مکار

خدا جانے کہاں ہے یار جانی   کہ نا ہووے انہوں سے بدگمانی

یہ ابنا ے زمان مثل زمانہ   عداوت کو ہیں جو یا بے بہانہ

رہیں اُن کے سرشتوں میں وفا ہیں   بنا حق یک ذرا میں آشنا نہیں

کہوں میں جعفر شہ نے کیا کیا   نہ مال و ملک سے اُس کے لیا کیا

کیا میں اُس کے حق میں کیا برائی   جو مجھ سے یوں کیا ہے بیوفائی

نہیں آسودہ نعمت و تاج کا ہوں   نہیں مشتاق اُس کے راج کا ہوں

مرے ملکوں میں میرا نام ہوگا   مجھے اس ملک سے کیا کام ہوگا (۹)

و لیکن واسطے تیرے اے دلدار   یہاں آیا ہوں، بے طاقت ہوں، ناچار

مجھے تجھ عشق کا جو راج ہوگا   زمیں تجھ سے اوروں کو لا تاج ہوگا

زبس تجھ عشق کا میں رہنما ہوں   جہاں ہوں وہاں شہ ملک وفا ہوں

تری خاطر سہی ساری جفائیں   اگر ہیں تجھ میں کچھ طرز وفائیں

تو جلدی سے مرے نزدیک آجا   کہ پاوے راحت دل جان شیدا

وگر آتا نہیں تو صاف لکھو   و لیکن کرکے کچھ انصاف لکھو

یہ بادل دیدۂ برسات برسے
کوکے کو پپیہا برساتی بولے

نہیں برسات دیکھے ہو پیارے
کہ دو آنکھوں سے رو دیکھے ہمارے

ہماری آہ کی سردی سے کاتک
؟ آ جاڑا ہوے کا تک

جو اساں آہ کے ہر دم لگاویں
دوالی کی یہ مشرب اُس میں پاویں

اگر ہوگا ہمارا یہ دم سرد
لیے صورت خزاں کی یہ گل زرد

یہ دیکھو آہ سے ہے ماہ پوس کی شکل
بنی سردی دل سے دوس کی شکل

دساں سے کہا یہ کر یہ سردی ماہ
بنے ہیں ماہ میں ہم صورت کاہ

ہمارے زمہریر آہ کی یہ
دکھانے خلق میں سردی ہو رخ

جو دہاکیں برہ کا بھکوا سچا وے
دو آہ گرم سے ہولی جلاوے

بسلتی ہوش میں دل ہوئے ہم
تڑپ کر ہجر کے بسمل ہوئے ہم

برہ کے دامن دل کو لگی آگ
جلا ہولی لگے ہم کھیلنے پھاگ

یہ سہرا رسم ہے ہولی مشہور
کہ ڈالے خاک سر پر ہوویں سرور

جگر کی آگ میں ہولی جلاویں
بہار عیش کو ہم غم میں پاویں

ہمارا دیکھ کر سامان ہولی
اُٹھا نے شور کر طوفاں ہولی

چمن میں واجتہ بہلی ہے بہ راگ
جنگل میں ٹیسوؤں کے منہ لگی آگ

ادھر سے باد لیتی ہے ہلکورے
اُدھر سے جھاڑ کھاتے ہیں جھکورے

شہاب آنسو ہیں پچکاریاں ہیں
جہاں میں ان سبھی جوں باریاں ہیں

ہماری ہولیوں کی ہے عجب دھوم
کہ برسے اشک رونے کی گھٹا جھوم

ادھر خاک ہم ملتے ہیں منہ پر
لیے پچکاریاں یہ دیدۂ تر

کہاں ہولی کدھر کی بات بولوں
میں اپنے غم کو کس کے ساتھ بولوں

مہوشا چاہت کا ہم دل جلوں کو
کیا ہوگا جراتی بیا چکوں کو(؟)

دکھائے ہم کے اڑتے ہیں ہر ایک طرف
بگا مدہ دامن صحرا نہ یک طرف

اگر بیساکھ ای ہے کیا تماشا
کہ ہے اس میں جدائی کی علامت

یہ سودا ہوا پرے ہر یک موسے دیکھو | پریشانی دل گیسو سے دیکھو
ہوئی ہیں کاکل جو ہر یکدم پریشاں | نظر میں مرے ہے عالم پریشاں
شکست طرۂ گیسو نہ پوچھو | شکنج تار ہر یک مو نہ پوچھو
دو ابرو یار سے ہم پشت خم ہے | ہلال گور دشمنی یہاں علم ہے
زمیں میں روز و شب مشغول دیدار | مژہ کو منتظر ہیں دونوں میں بیمار
دو مژگاں ملتے ہیں تیغ اے افسوس | دو دل میں چشم بیماری کو محسوس
رخ گل گوں پہ ہے صفرا کی زردی | وہ اگو آہ کی ماتی ہے سردی
حرارت سے مرے دو لب ہیں جو سی | عیاں ہے اس سے یہ انکی دوری
مجھے ہے یہاں تلک ضعف نزاکت | نسیم نالہ کی بھی نہیں ہے طاقت
نزاکت کا لگا اس قدر تیشہ | کہ مثل کاہ کی اب چھپتا ہے ریشہ
دہن ہے ناتوانی سات معدوم | کمر ہے ضعف سے یک شکل موہوم
اثر یہاں تک کرے ہے ناتوانی | نگاہ گرم سے ہوتا ہوں پانی
زبس ہر آن ہی مجھکو ادا سے | ہر یکدم ہے مرے نینوں نا رحماسے(؟)
مری جب آہ کا اٹھتا ہے گھنگھور | اڑاتا ہے دھار سے بھاگ جیوں چور
پلک آنسو سے برسا روکتی ہے | پکارے مر ر کویل کوکتی ہے
ندی آنسوں کی بہہ در در پکارے | تو بوند کے تھپیڑوں جھنکر چنگھارے
ہوئے رونے کا جب میرے پکارا | سجے ساون کے آنے کا نقارا
یہ بادل آہ کے اُمڈیں جہاں پر | گھٹاکارا (؟) چھویں سب آسماں پر
یہ ساون اشک کی جھڑیاں لگاویں | بوتک رونے کا ہم ملہار گاویں
مرے آنسو میں ساون کے ترورے | اُمنڈ آتے ہیں برسا کر دڑوڑے
یہ بادل دیکھیں جو برساں آیا | کہیں چل اب بھمیری ساون آیا
مرے رونے کا بھادونگا جو بادل | گرجنے کو لگے جوں دم ہو بے کل

ہر یعنی یہ زمانہ کیا بُرا ہے | بُرا دور جدائی سخت یہ جدا ہے
ہوئی جو سرو کی آخر ایسی بیداد | ہماری کچھ ہوئی الفت نہ بنیاد
اگر پھر جب اُس کے یہاں جاؤں | تو پھر اس جان کو کیا منہ دکھاؤں
یقیں بہتر ہے اول اُس سے ملنا | پھر اس کے بعد رخصت ہو کے چلنا
یہ مضموں جب ہوا انجام سارا | لکھی آغاز اور انجام سارا
ہوا انجام جب یہ شوق نامہ | رہا خاموش بس لکھنے سے خامہ
